D.El.Ed/IV Sem/ DLED402CCT/May 2017

چوتھا سمسٹر IV Semester   ڈی۔ایل۔ایڈ (ریگولر) D.El.Ed Regular   مئی 2017

پرچہ : تعلیم میں نمو پذیر جنسی اور شمولیتی تناظرات

Paper - DLED402CCT : Integrating Gender and Inclusion Perspectives in Education

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks   Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) ذات، نسل اور مذہب کی بنیاد پر سماج میں کوئی فرد یا گروہ امتیاز، محرومی اور علاحدگی کا شکار ہو جائے تو کہا جاتا ہے؟

(A) سماجی اخراجیت (B) انفرادی اخراجیت (C) گروہی اخراجیت (D) تعلیمی اخراجیت

(ii) سماجی اخراج کے تصور کی ابتدا کہاں ہوئی تھی؟

(A) ہندوستان (B) امریکہ (C) افریقہ (D) مغربی یورپ

(iii) حکومت ہندوستان نے 86 ویں دستوری ترمیم کب کی؟

(A) 2001 (B) 2002 (C) 2003 (D) 2004

(iv) تعلیم کو بنیادی حق کس دفعہ میں کہا گیا ہے؟

(A) 30 (B) 29 (C) 21A (D) 28

(v) دستور ہندوستان کی کس دفعہ کے تحت اقلیتوں کو اپنے تعلیمی ادارے قائم کرنے کا حق حاصل ہے؟

(A) دفعہ 30 (B) دفعہ 21 (C) دفعہ 25 (D) دفعہ 17

(vi) جمہوری ملک میں اسکول عکاسی کرتا ہے؟

(A) قومی جذبہ کا فروغ (B) قومی اتحاد کا فروغ (C) چھوت چھات کا خاتمہ (D) مندرجہ بالا سبھی

(vii) اکتسابی معذوری لفظ کا استعمال کس نے شروع کیا تھا؟

(A) سیموئل کرک (B) جان ڈیوی (C) پیستالوزی (D) مہاتما گاندھی

(viii) نقص فہم عبارت یعنی پڑھنے میں دشواری کس قسم کی معذوری ہے؟

(A) Dysnomia (B) Dyscalculia (C) Dysgraphia (D) Dyslaxia

(ix) جنسی مساوات کے لیے تعلیمی عمل میں کیا ضروری ہے؟

(A) خواتین کی تعلیمی شمولیت (B) مردوں کی تعلیمی شمولیت (C) محروم طبقوں کی تعلیمی شمولیت (D) ان میں کوئی نہیں

(x) ہندوستانی سماج میں اسکول کا رول کیا ہے؟

(A) علم کا فروغ (B) صحت مند عادتوں کا فروغ (C) مستقبل کی نسل کو تراشنا (D) مندرج بالا سبھی

حصہ دوم

-2 شمولیتی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

-3 ہندوستان کے کمرۂ جماعت میں عدم مساوات کو کس طرح کم کیا جاسکتا ہے؟

-4 مخصوص ضرورتوں والے بچوں سے کیا مراد ہے؟

-5 جسمانی طور پر معذور بچوں کی تعلیمی شمولیت کے لیے تجاویز پیش کیجیے۔

-6 کمرۂ جماعت میں جنسی مساوات کے لیے حکومتی اقدامات کی وضاحت کیجیے۔

-7 موجودہ اسکولی تعلیم میں خواتین کی شمولیت کا تجزیہ کیجیے۔

-8 شمولیتی سماج کے ویژن کو کس طرح ممکن بنایا جاسکتا ہے؟

-9 کمرۂ جماعت میں تنوع کے لحاظ سے کس طرح کا طریقہ تدریس بہتر ہوسکتا ہے؟

حصہ سوم

-10 ہندوستانی تعلیم میں اخراجیت اور شمولیت کے مختلف پہلوؤں کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

-11 اکتسابی معذوری اور تعلیمی شمولیت کا تاریخی اور موجودہ صورت حال کا جائزہ لیجیے۔

-12 اکتسابی معذوری والے بچوں کی تدریس کے لیے طریقہ کار اور مہارتوں کو بیان کیجیے۔

-13 ہندوستانی معاشرے میں خواتین کی سماجی اور معاشی اخراجیت کی وجوہات پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

-14 خواتین کی تعلیمی شمولیت کے لیے حکومتی اقدامات اور حکمت عملیوں کی وضاحت پیش کیجیے۔

☆☆☆